26فروری2019ء

2اور3مارچ (ہفتہ اور اتوار) کوحج2019ءکے واجبات کے ساتھ حج درخواستوں کی وصولی کے لیے بینکوں کی نامزد برانچیں کھلی رہیں گی

حج2019ءکے لیے عازمین حج کو واجبات کے ساتھ اپنی حج درخواستیں جمع کرانے میں سہولت دینے کی غرض سے بینک دولت پاکستان نے 14 نامزد بینکوں(نیشنل بینک آف پاکستان، حبیب بینک، یونائیٹڈ بینک، ایم سی بی بینک، الائیڈ بینک، بینک آف پنجاب، بینک الفلاح، زرعی ترقیاتی بینک، فیصل بینک، عسکری بینک، بینک الحبیب، حبیب میٹروپولیٹن بینک، میزان بینک اور دبئی اسلامی بینک) کوہدایت دی ہے کہ وہ اس مقصد کے لیے2اور 3مارچ 2019ء (ہفتہ اور اتوار) کو اپنی تمام نامزد برانچیں کھلی رکھیں۔ لہٰذا ان14 بینکوں کی تمام نامزد برانچیں ملک بھر میں حج 2019ءکے لیے عازمین حج سے درخواستوں کی وصولی کے لیے ہفتہ اور اتوار کے دن صبح 10 بجے تا سہ پہر 2بجکر 30منٹ تک کھلی رہیں گی۔

****